| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف ‘ٹ’ | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم، اس قابل ہوسکیں گے۔ کہ ‘حرف ‘ٹ’ کی پہچان کرسکیں۔ اس کی آواز اس سے شروع ہونے والے (کوئی سے دو الفاظ) بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی کی نظم سنائی جائے گی۔ بچوں سے حروف (ا تا ت) تلفظ، آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔ | 5منٹ | فلیش کارڈز | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف ‘ٹ’ کا درست تلفظ، آواز ار اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف ‘ٹ’ کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو حرف ‘ٹ’ کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا اور بتایا جائے گا کہ یہ حرف ‘ٹ’ ہے۔ یہ حروف تہجی کا چھٹا حرف ہے۔ اس کی شکل حرف ‘ب’ کی طرح ہوتی ہے۔ مگر اس کے اوپر چھوٹی ط ہوتی ہے۔ بچوں کو اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا آج ہم حرف ‘ٹ’ درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے اور حرف ‘ٹ’ کے ذخیرہ الفاظ (ٹوکری، ٹوپی، ٹافی، ٹماٹر، ٹرک، ٹاٹ، ٹیلی ویژن) فلیش کارڈ کے ذریعے دکھائے جائیں گے بچوں کو حرف ‘ٹ’ سے شروع ہونے والی اشیاء پی پی ٹی پر دکھا کے ان کے نام بتائے جائیں گے۔ | 10منٹ | فلیش کارڈز | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو Salt tray پر حرف ‘ٹ’ کو لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ بچوں کو ٹماٹر کی ورک شیٹ دی جائے گی۔ اور ٹیبل سرخ رنگ کا کاغذ اور گلو رکھی جائے گی۔ بچوں کو کہا جائے گا کہ کاغذ کو ہاتھ سے کاٹیں اور گلو لگا کر ٹماٹر پر چسپاں کریں۔ | 20منٹ | ورک شیٹ، سرخ کاغذ، گلو | |
| | **اختتامیہ:**<br>سبق کے اختتام پر بچوں سے حرف ‘ٹ’ کا درست تلفظ اور آواز پوچھی جائے گی | 5منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ٹ' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے 'حرف 'ٹ' کو پہچان سکیں۔ اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والے (کوئی سے چار الفاظ) بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی کی نظم سنائی جائے گی۔ بچوں کو حرف 'ٹ' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو 'ٹ' کی نظم سنائی جائے گی۔<br>ٹمک ٹالہ ٹمک ٹالہ بلی کا منہ ہو گیا کالا مرغی بولی غوں غوں غوں چوزہ بولا چوں چوں چوں<br>مرغا بولا ککڑوں کوں ٹمک ٹالہ ٹمک ٹالہ بلی کا منہ ہو گیا کالا<br>حرف 'ٹ' سے شروع ہوے والی اشیاء دکھا کر اس کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے تختہ سیاہ / سفید پر حرف 'ٹ' کو ٹریس کروایا جائے گا۔ بچوں کو کہا جائے گا کہ کتاب کا صفحہ نمبر 14 کھولیں اور حرف 'ٹ' پر انگلی پھیریئے۔ اور حرف 'ٹ' سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام بتایئے۔ 'ٹ' کی آواز کی بار بار دہرائی کروایئے۔<br>**'ٹ' سے ٹرک:**<br>بچوں کو بتائیں کہ آج ہم ٹ سے ٹرک بنائیں گے۔ ہر بچے کو ایک مستطیل شکل ایک چوکور شکل اور چار دائرے مہیا کیے جائیں گے۔ اس کے علاوہ کھڑکی کے لیے بھی ایک چوکور ٹکڑا دیا جائے۔ پھر بچوں کو بتایا جائے گا کہ ٹرک بنانے کے لیے دیئے گئے ٹکڑوں کو کیسے جوڑا جائے گا۔ سرگرمی کے دوران اشکال کے ناموں کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:** بچوں سے حرف 'ٹ' کا درست تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:** بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی۔ جس میں وہ 'ٹ' کے گرد دائرہ لگائیں گے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>تختہ سیاہ | فلیش کارڈ<br>کتاب صفحہ نمبر 14<br>چارٹ پیپرز (سرخ، نیلا، کالا) گلو<br>ورک شیٹ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ٹ' کا درست تلفظ، آواز ار اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ٹ' کی نشاندہی کرنے پر |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ٹ' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے 'حرف 'ٹ' کو پہچان سکیں'۔ اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والے (کوئی سے چار الفاظ) بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ٹ' کا تلفظ اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔ 'ٹ' کی نظم دہرائی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ٹ' کا درست تلفظ، آواز ار اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ٹ' کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج آپ حرف 'ٹ' کی کہانی سنیں گے۔<br>ایک لڑکا ٹوٹ بٹوٹ تھا۔ وہ بہت شرارتی تھا۔ ہر وقت ٹیلی ویژن دیکھتا رہتا تھا۔ ایک دن اُس کی امی نے کہا اس کو ٹوکری دی اور کہا کہ وہ بازار سے کچھ ٹماٹر، ٹافیاں اور ٹوپی لے آئے۔ اس نے کہا اپنی امی کو کہا کہ میری ٹانگ میں درد ہے۔ اُس کی امی نے کہا کہ میں تمھارے ابو کو ٹیلی فون کرتی ہوں جس کو دیکھ کر وہ ٹوکری لے کر بھاگ گیا۔ | 10 منٹ | کہانی کے الفاظ فلیش کارڈ | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی اور کہا جائے گا کہ 'ٹ' ٹوکری اور اس میں موجود پھلوں میں رنگ بھریں۔ | 20 منٹ | | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے ٹوٹ بٹوٹ، ٹیلی ویژن، ٹیلی فون اور ٹانگ کی ابتدائی آواز کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ | 5 منٹ | | |

| چوتھا | دن: | حرف ’ٹ‘ | موضوع: | پلے گروپ | جماعت: | اردو | مضمون: |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| جانچ | وسائل | وقت | طریقہ تدریس | حاصل سبق |
|---|---|---|---|---|
| طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔حرف ’ٹ‘ کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف ’ٹ‘ کی نشاندہی کرنے پر | ٹوکری تصاویر<br>فلیش کارڈ<br><br>کتاب صفحہ نمبر 15 | 5 منٹ<br><br>10 منٹ<br><br>20 منٹ<br><br>5 منٹ | **دہرائی:**<br>حرف ’ٹ‘ کا تلفظ اُس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔’ٹ‘ کی کہانی کے بارے میں بچوں سے پوچھا جائے گا۔اس میں ’ٹ‘ کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا۔کہ آج ہم ’ٹ‘ سے شروع ہونے والے مزید الفاظ جانیں گے۔بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے ٹرک، ٹیلی ویژن اور ٹاٹ کی تصاویر دکھائی جائیں گے اور بچوں کو ان الفاظ کی ابتدائی آواز بتائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو ٹوکری دی جائے گی اس میں ’ٹ‘ لکھا ہوگا۔بچوں کو مختلف تصاویر کے فلیش کارڈ دیئے جائیں گے۔اُن کو کہا جائے گا کہ ان تصاویر کے فلیش کارڈز میں سے ’ٹ‘ کی تصاویر کے فلیش کارڈ ٹوکری میں ڈالیں۔تختہ سیاہ اور سفید ہر حرف ’ٹ‘ لکھا جائے گا۔بچوں سے کہا جائے گا مارکر سے ’ٹ‘ کو ٹریس کریں بچوں کو کتاب کا صفحہ نمبر 15 کھولنے کو کہا جائے گا۔اس میں دی گئی تصاویر کے نام بتانے کو کہا جائے گا اور پوچھا جائے گا کہ کیا ’تتلی‘ کی ابتدائی آواز ’ٹ‘ ہوتی ہے۔بچوں کو ’ٹ‘ کی تصاویر کے گرد دائرہ لگانے اور ’ٹ‘ کی درست بناوٹ پر پنسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے ٹرک، ٹیلی ویژن اور ٹاٹ کی ابتدائی آواز کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ | سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے ’حرف ’ٹ‘ کو پہچان سکیں۔اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والے (کوئی سے سات الفاظ) اور اس کی بناوٹ جان سکیں۔ |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ٹ' | دن: | پانچواں |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے 'حرف 'ٹ' کو پہچان سکیں۔ اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والے (کوئی سے سات الفاظ ) اور اُس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حرف 'ٹ' کے تمام الفاظ فلیش کارڈ کی مدد سے دکھا کر ان کی ابتدائی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 2 منٹ | فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ٹ' کا درست تلفظ، آواز ار اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ٹ' کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>بچوں سے Sand letters پر حرف 'ٹ' کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | Sand Letters | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی میں حرف 'ٹ' پر پنسل پھیرنے کی مشق کروائی جائے گی۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی۔ تاکہ وہ مقررہ وقت میں کام مکمل کر سکے۔ | 30 منٹ | | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے ہوا میں حرف 'ٹ' لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 3 منٹ | کاپی | |
| | **ہوم ورک:**<br>کاپی میں حرف 'ٹ' پر پنسل پھیریئے۔ | | | |